Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۰ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۶ مئی سنہ ۱۹۳۳ء جلد ۴۵

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	ماموری لفٹنٹ کرنل امتیاز علی خاں صاحب بعہدہ سابقہ (" مجسٹریٹ فورث ")	۲
۲	تقرر مسٹر " جیرٹ "	"
۳	عطائے عہدہ " سپرنٹنڈنٹ جیل " بہ کرنل سید محمود شاہ صاحب۔	۲ و ۳
۴	حکم عطائے تنخواہ میجر میاں عطاء الرحمن صاحب از بجٹ عالیجناب نواب ولیعہد صاحب بہادر	۳
۵	اجازت تقرر سید حسن محمد باشندہ الہ آباد۔	۳ و ۴
۶	روبکار بابت انتظام کھانا و ادویہ مریضان ریاست داخل شفاخانہ صدر	۴

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۲۹ اپریل ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

بسلسلۂ روبکار معصدرہ ۲۰ اپریل ۱۹۳۳ء متعلق تقرر کرنل سید محمود شاہ بعہدہ کمانڈنٹ فورٹ رکھاص باغ حکم دیا جاتا ہے کہ لفٹنٹ کرنل امتیاز علیخان اسسٹنٹ کمانڈنٹ فورٹ بدستور ممبر بٹ فورٹ رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں

حکم:- واقع ۲۹ اپریل ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بموجب رپورٹ جیز جنیڈ مین مسٹر جیرٹ کا تقرر بشاہرہ تین سو روپیہ ماہوار یکم مئی ۱۹۳۳ء سے بجائے مسٹر بیچرڈس مستعفی منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میر رسانہ

جناب عالی

صاحب انچارج آرمی منسٹر بہادر نے جنیڈ ماسٹر صاحب کی تجویز درسال کی ہے اور سفارش کی ہے کہ "جیز جنیڈ" میں بجائے مسٹر بیچرڈس مستعفی کے مسٹر جیرٹ کا تقرر بشاہرہ تین سو روپیہ ماہوار یکم مئی ۱۹۳۳ء سے منظور فرمایا جائے۔ مسٹر بیچرڈس کو ساڑھے تین سو پچاس روپے ماہوار ملتے تھے اس صورت میں پچاس روپیہ ماہوار کی بچت رہے گی کاغذات بغرض ملاحظہ و صدور حکم تقرر مسٹر جیرٹ حضور انور میں پیش ہیں زیادہ حد ادب

دولت جاوید باد

عریضہ فدوی دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲۹ اپریل ۱۹۳۳ء

حسب الحکم مبارک سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۳۰ اپریل ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۳۰ اپریل ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

صاحب چیف منسٹر بہادر نے لفٹنٹ کرنل محمد جنید قریشی صاحب چیف میڈیکل افیسر بہادر کی انگریزی تحریر مسلکہ مادود لسٹ اقبال کے حضور میں پیش کی جس میں انہوں نے اس امر کا اظہار کیا ہے کہ " وہ جیل کا کام جو بحکم ۲۰ اپریل ۱۹۳۳ء ان کے سپرد ہوا ہے، نہیں کر سکتے۔ نیز اسوقت تخفیف کی جو غرض ہے استدعا کی ہے کہ ایک سو روپیہ ماہوار اضافہ جو بحکم ۲۰ مارچ ۱۹۳۳ء ان کی تنخواہ میں ہوا ہے، وہ واپس کیا جائے"

مادولت و اقبال اپنے ایسے قابل اور لائق افسر کی استدعا پرورشا منظور فرماتے ہیں اور حکم اضافہ منسوخ کر کے جیل کا تعلق بھی ان سے علیحدہ فرماتے ہیں۔ اور حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں

(۱) کرنل سید محمود شاہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس جو بحکم ۲۰ اپریل ۱۹۳۳ء یکم مئی ۱۹۳۳ء سے کمانڈنٹ فورٹ

وخاص باغ مقرر ہوتے ہیں اُن کو "سپرنٹنڈنٹ جیل" مقرر کیا جاتا ہے۔ علاوہ خدمات ڈورٹ وخاص باغ وغیرہ کے جیل کا کام بھی انجام دیں گے۔ اور پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس جیل سے ملیگا اور صیغہ جیل میں ان کو وہی اختیارات ہوں گے جو دیگر افسران صیغہ کو ہیں۔

بجٹ جیل میں رقم الاؤنس پچاس روپیہ ماہوار رکھیجائے بقیہ پچاس روپیہ ماہوار کی بچت رہے گی۔

(۲) صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر جیل کی حفظان صحت کے بدستور ذمہ دار رہیں گے۔

(۳) روبکار ہذا کا عملدرآمد یکم مئی ۱۹۳۳ء سے ہوگا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بمشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۰ اپریل ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم: مورخہ یکم مئی ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ جیب برخوردار نواب ولیعہد بہادر ماہ مذکور سے تنخواہ دلا دیجائے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرساند

جناب عالی

میجر میاں عطاء الرحمن صاحب کا تقرر تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ پر بحیثیت سکریٹری جواہرخانہ وغیرہ [illegible] ہوئے

۲۸ اپریل سے انہیں تنخواہ ملے گی۔ ۵ اپریل سے مسٹر ٹی ہریسن گارڈین مقرر ہوئے ہیں۔ اور حکم میں صراحت تھی کہ میجر میاں عطاء الرحمن صاحب کے لئے جگہ تجویز کیجائے

ماہ اپریل میں صرف چار دن کی تنخواہ اُن کی صیغہ عالیجناب نواب ولیعہد بہادر میں درج ہوئی ہے۔ بقیہ ماہ اپریل کی تنخواہ کا ترابل (مالیتی) میجر میاں عطاء الرحمن صاحب بہادر نے پیش کیا ہے اور مستدعی عطائے تنخواہ ہیں۔ صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے بقیہ تنخواہ بجیب عالیجناب نواب ولیعہد بہادر یا دوسری مد بجٹ سے حکم ہو عطا ہونے کے لئے رپورٹ کی ہے

کاغذات ذریعہ عرضداشت برائے صدور حکم حضور انور میں پیش ہیں۔ زیادہ حد ادب دولت جاوید باد

زیر تنخواہ۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ یکم مئی ۱۹۳۳ء

بمشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام۔ اصل کاغذات جناب صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں بمشائے حکم کارروائی فرمائیے۔

یکم مئی ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم: مورخہ ۲ مئی ۱۹۳۳ء

بموجب رپورٹ سید حسن محمد (ساکن الہ آباد) کے تقرر کی اجازت دیجاتی ہے۔ کاغذات واپس ہوں

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی!

سید حسن محمد ساکن الہ آباد صیغہ کورٹ آف وارڈس و ضلعداری ضلع ہردوئی کا واقفکار اور اس کام میں خاص تجربہ رکھتا ہے۔ ضلعداری تحصیل ٹانڈہ کے لئے اس کے تقرر کی صیغہ مال سے استدعا ہوتی ہے۔ کاغذات حسب ریوینیو منسٹر بہادر نے بھیجے ہیں۔ جو زیر عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ سید حسن محمد ساکن ضلع غیر ہے اور تقرر جدید ہے۔ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
[illegible] ۲ مئی ۱۹۳۳ء

بنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲ مئی ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- واقع ۲ مئی ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

بسلسلہ اصلاحات جدید حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) شفاخانہ جات میں جو بیمار ریاست ہذا کے باشندہ داخل ہوں۔ ان کو حسب قاعدہ دوا اور کھانا وغیرہ بلا قیمت دیا جائے۔ یہ پرورش باشندگان ریاست پر مخصوص ہے۔ بیرون ریاست کے باشندوں سے قیمت لیجائے یا جو ڈاکٹر ان کو بلائے وہ خود قیمت ادا کرے۔

(۲) پیٹنٹ ادویات کی قیمت ریاست اور بیرون ریاست دونوں کے باشندگان سے وصول کیجائے

(۳) میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے بجٹ سال ۳۳-۱۹۳۲ء میں برائے خرید سامان بحکم ۲ جنوری ۱۹۳۳ء اکیس ہزار روپیہ اور بحکم ۲۳ جنوری ۱۹۳۳ء بارہ ہزار روپیہ کی اور بحکم ۳۱ جنوری ۱۹۳۳ء بقدر رقم چندہ خورشید گرلس اسکول توسیع ہوئی ہے لیکن ابھی کل سامان خرید نہیں ہوا ہے۔ اور سال ختم ہوگیا ہے لہذا رقم توسیعات مصرحہ بالا خزانہ میں بصورت خاص امانت کرادیجائے اور اس رقم سے مصارف خرید سامان کئے جائیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲ مئی ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر